# Cambiare o chiedere residenza a Bologna se hai una cittadinanza di uno Stato non UE (Unione Europea)

<u>غیر یورپی شہریوں کے لیے بولونیا میں رہائش نامہ بنوانے اور تبدیل کروانے کی درخواست</u>

_

اگر آپ بولونیا شہر میں شفٹ ہوتے ہیں یا اپنا پتہ بدلتے ہیں، تو آپ کو نیا پتہ *منتقلی کے 20 دن کے اندر* بلدیہ میں بتانا ہوگا۔

**-1**

اگر آپ بالغ ہیں، تو آپ اپنے لیے اور اُن تمام افراد کے لیے رہائش کی درخواست دے سکتے ہیں جن کے آپ والدین یا سرپرست ہیں

2-

اگر آپ کسی مشترکہ رہائش میں داخل ہو رہے ہیں (جیسے ہاسٹل، ہاؤسنگ، فوجی رہائش وغیرہتو اُس جگہ کا ذمہ دار شخص آپ کی رہائش کی اطلاع دے گا۔

**3**

اگر آپ خود جا کر درخواست دینے کے قابل نہیں ہیں، تو آپ کسی بالغ شخص کو یہ کام کرنے کا اختیار دے سکتے ہیں۔ اس صورت میں وہ شخص ایک فارم بھی ساتھ لے کر جائے گا جس میں یہ اجازت لکھی ہو گی

رہائش کی درخواست دینے کے لیے ضروری ہے کہ آپ واقعی بولونیا میں رہتے ہوں
اور جس گھر کا پتہ دے رہے ہیں، وہاں رہنے کا قانونی حق رکھتے ہوں۔
،اگر آپ بغیر اجازت کسی گھر میں رہ رہے ہیں اور کوئی قانونی دستاویز (کرایہ نامہ، ملکیت وغیرہ) نہیں ہے
تو آپ نہ رہائش کی درخواست دے سکتے ہیں اور نہ ہی بجلی، گیس جیسے عوامی سہولیات حاصل کر سکتے ہیں۔
ایسی صورت میں جو بھی دستاویزات بنائی جائیں، وہ قانون کے مطابق غیر معتبر ہوں گی

## <u>طریقہ کار **Cosa serve**</u>

اگر آپ پہلے ہی اٹلی کے کسی اور شہر میں رہائش رکھتے ہیں اور اب بولونیا منتقل ہو رہے

:ہیں، تو آپ کو بولونیا میں نئی رہائش کی درخواست دینی ہوگی تاکہ آپ کا پتہ وہاں منتقل کیا جا سکے۔

آپ اور خاندان کے تمام بالغ افراد کا شناختی کارڈ، خاندان کے ہر فرد کا ٹیکس کوڈ، اور غیر ملکی ہونے کی صورت میں رہنے کی اجازت (پرمِسو دی سوجورنو) یا کوئی اور قانونی دستاویز جو آپ کے قیام کو درست ثابت کرے۔.

اگر آپ بیرون ملک سے آئے ہیں تو شناختی کاغذ، ٹیکس کوڈ، رہنے کی اجازت اور رہائش کا ثبوت دینا ہوگا۔
اگر آپ اور آپ کے خاندان کے تمام بالغ افراد بیرون ملک سے آ رہے ہیں تو آپ کو یہ دستاویزات دینا ہوں گی

- آپ اور خاندان کے ہر بالغ فرد کا پاسپورٹ یا اس کے برابر کوئی سرکاری شناختی دستاویز
- رہنے کی اجازت کا پرمِسو دی سوجورنو یا کوئی اور قانونی دستاویز جو آپ کے قیام کی قانونی حیثیت بتائے

اگر آپ پورا خاندان بولونیا منتقل کر رہے ہیں تو آپ کو خاندان کی مکمل تفصیل دکھانے والے دستاویزات بھی دینا ہوں گے۔
یہ دستاویزات قونصل خانے سے جاری شدہ ہونے چاہئیں اور ان کا ترجمہ اور قانونی تصدیق بھی ہو چکی ہو تاکہ وہ بلدیہ کے لیے قابل قبول ہوں

ضروری دستاویزات کی فہرست آپ وزارتِ داخلہ کے سرکلر کے ضمیمہ 'الف' میں دیکھ سکتے ہیں، جو آپ کی ذاتی حالت کے مطابق مختلف ہو سکتی ہے۔

_

اگر آپ کے پاس جائز اور موجودہ رہائش کی اجازت ہے

- * درست اور فعال پاسپورٹ یا اس کے برابر شناختی دستاویز؛
- * درست اور فعال رہائش کی اجازت کا دستاویز؛
- * اصل دستاویزات جو خاندان کی حالت اور رشتہ داری ثابت کریں،

یہ دستاویزات ترجمہ شدہ اور قانونی تصدیق شدہ ہونی چاہئیں، اور صرف اس صورت میں

* چاہیے جب آپ رشتہ داری، شادی شدہ یا دیگر ذاتی حالت کی تصدیق کروانا چاہتے ہوں

**:اگر آپ کی رہائش کی اجازت کی تجدید جاری ہے**

- * درست اور فعال پاسپورٹ یا اس کے برابر شناختی دستاویز؛
- * ختم شدہ رہائش کی اجازت کا دستاویز؛

رہائش کی اجازت (پرمِسو دی سوجورنو) کی تجدید کی درخواست کی رسید۔ اگر آپ بیرون ملک سے آ رہے ہیں یا آپ کا نام رجسٹر سے خارج ہو چکا ہے، تو تجدید کی درخواست اجازت ختم ہونے کے 60 دنوں کے اندر دی گئی ہو؛

- * اصل دستاویزات جو خاندان کی حالت اور رشتہ داری ثابت کریں،

یہ دستاویزات ترجمہ شدہ اور قانونی تصدیق شدہ ہونی چاہئیں، اور صرف اس صورت میں چاہیے جب آپ رشتہ داری، شادی شدہ یا دیگر ذاتی حالت کی تصدیق کروانا چاہتے ہوں۔ *

اگر آپ پہلی بار ملازمت کی بنیاد پر رہائش کی اجازت (پرمِسو دی سوجورنو) کے اجرا کا انتظار کر رہے ہیں۔

- * درست اور فعال پاسپورٹ یا اس کے برابر شناختی دستاویز۔
- * امیگریشن کے دفتر میں ملازمت کی بنیاد پر رہائش کے معاہدے پر دستخط شدہ کاغذ۔
- پوسٹل آفس سے دی گئی رسید جو رہائش کی اجازت (پرمِسو دی سوجورنو) کی درخواست جمع کروانے کی تصدیق کرتی ہو۔ *

- * درست اور فعال پاسپورٹ یا اس کے برابر شناختی دستاویز۔
- * امیگریشن کے دفتر میں ملازمت کی بنیاد پر رہائش کا معاہدہ جس پر دستخط ہو۔
- *پوسٹل آفس سے حاصل کردہ رسید جو رہائش کی اجازت کی درخواست جمع کروانے کی تصدیق کرتی ہو۔

اگر آپ خاندان کے ساتھ ملنے کے لیے، فیملی بیس, رہائش کی اجازت (پرمِسو دی سوجورنو) کے اجرا کا انتظار کر رہے ہیں

- * درست اور فعال پاسپورٹ یا اس کے برابر شناختی دستاویز۔
- پوسٹل آفس سے دی گئی رسید جو رہائش کی اجازت (پرمِسو دی سوجورنو) کی درخواست جمع کروانے کی تصدیق کرے۔ *
- * امیگریشن کے دفتر سے خاندان کے ساتھ ملنے کی اجازت کا خط (نولّا اوستا)۔

* اصل دستاویزات جو خاندان کی حالت اور رشتہ داری ثابت کریں،

یہ دستاویزات ترجمہ شدہ اور قانونی تصدیق شدہ ہونی چاہئیں، اور صرف اس صورت

* میں درکار ہوں جب آپ رشتہ داری یا ذاتی حالت کی تصدیق کروانا چاہتے ہوں

-

اگر آپ اُس شخص کے خاندان کے رکن ہیں جس کے پاس اطالوی یا یورپی یونین کی شہریت ہے

* درست اور فعال پاسپورٹ یا اس کے برابر شناختی دستاویز۔ .

پوسٹل آفس سے دی گئی رسید جو رہائش کی اجازت (پرمِسو دی سوجورنو) کی درخواست جمع کروانے کی .

* تصدیق کرے۔

* امیگریشن کے دفتر سے خاندان کے ساتھ ملنے کی اجازت کا خط (نولّا اوستا)۔

* اصل دستاویزات جو خاندان کے رشتے کو ثابت کریں، .

یہ دستاویزات ترجمہ شدہ اور قانونی تصدیق شدہ ہوں،

اور ان کا تعلق اُس شہری سے ہو جو پہلے ہی وہاں رہائش پذیر ہو۔

<u>وقت اور آخری تاریخ</u>

نئی رہائش اس دن سے شروع ہوتی ہے جب آپ نے درخواست جمع کروائی ہو۔
بلدیہ درخواست ملنے کے 45 دن کے اندر جانچ کرتی ہے کہ آپ کی درخواست مکمل اور درست ہے یا نہیں۔
اگر 45 دن میں کوئی جواب نہ ملے تو آپ کی رہائش تسلیم کر لی جائے گی اور کارروائی مکمل سمجھ لی جائے گی۔
اگر شرائط پوری نہیں ہوتیں تو بلدیہ آپ کی رہائش منسوخ کر دے گی اور آپ کو جو بھی فوائد ملے ہوں واپس لے سکتی ہے۔
بلدیہ اس منسوخی کی اطلاع عوامی سلامتی کے ادارے کو بھی دے گی۔
جب آپ کی درخواست کا کام مکمل ہو جائے گا، تو آپ کو کارروائی شروع ہونے کی اطلاع دی جائے گی، جسے آپ دیگر ضروری کاموں کے لیے استعمال کر سکتے ہیں، جیسے کہ پارکنگ کارڈ کی درخواست وغیرہ۔

_

# Come fare یہ <u>کیسے کریں</u>

آپ کو بلدیہ بولونیا کے آن لائن فارم سے رہائش کی درخواست(پرمِسو دی سوجورنو) دینی ہوگی، جو دو طرح سے دستیاب ہے
ایک فارم جس کے لیے شناختی توثیق ضروری ہے، اور دوسرا بغیر توثیق کے

جو بھی بالغ لوگ آپ کے ساتھ رہائش تبدیل کر رہے ہیں، انہیں درخواست پر دستخط کرنا ہوں

گے۔
اگر آپ صرف نمائندہ ہیں اور خود منتقل نہیں ہو رہے، تو آپ کو ایک خاص اجازت نامہ فارم بنوا کر دستخط کروا کر درخواست کے ساتھ جمع کروانا ہوگا۔

سروس سے رابطہ کر سکتے (digitale facile)"فارم بھرنے میں مدد کے لیے آپ "ڈیجیٹل فاسیلی ہیں۔
اپنی خاص صورتحال کے بارے میں معلومات یا فارم بھرنے کے بارے میں رہنمائی کے لیے آپ قریبی بلدیہ کے دفتر سے ملاقات بھی طے کر سکتے ہیں۔
مزید معلومات
رہائش کی درخواست دینے سے پرانی رہائش سے نئی رہائش پر کچرے کے ٹیکس (ٹاری) کی منتقلی خود بخود نہیں ہوتی۔ اپنا ٹیکس درست کرنے کے لیے آپ کچرے کے ٹیکس کی درخواست دینے کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کے پاس کوئی پالتو جانور ہے جو رجسٹرڈ ہے، تو جانور کی نئی رہائش کا بھی خود بخود اندراج نہیں ہوتا۔ جانور کی رہائش کی تبدیلی آپ کو خود رجسٹر کرنا ہوگی۔ اس کے لیے آپ کتے، بلی یا دوسرے جانور کو رجسٹر کرنے کے بارے میں معلومات دیکھ سکتے ہیں۔

.

لنک اور رابطے:
آن لائن درخواست کے لیے
https://www.comune.bologna.it/servizi/anagrafe-stato-civile/cambiare-chiedere-residenza-extra-ue
معلومات کے لیے فون نمبر:
**051.2193400**
قریبی دفاتر کے رابطے اور اوقاتِ کار یا اپوائنٹمنٹ کے لیے
https://informazioni.comune.bologna.it/uffici-comunali-prossimita

: